**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 15 May 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۵/مئی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ لوک سبھا انتخابات کی تشہیر میں تیزی ' بی جے پی لیڈر وزیراعظم نریندر مودی کی ریاست کے 2/ جلاس میں شرکت

☆ انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کے لیے درخواست دہی کی مدت ختم

☆ ریاست کے وِدھان پریشد کے گریجویٹ اور ٹیچر حلقہ کے انتخابات ملتوی

☆ ممبئی میں ہورڈنگ گرنے کے معاملہ میں ہورڈنگ کا مالک بھاویش بھڑے اور دیگر کے خلاف مقدمہ درج

اور

☆ مراٹھواڑہ سمیت ریاست کے اکثر مقامات پر آئندہ 2/ دنوں میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کے امکانات

اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلہ کی تشہیر میں کچھ دن ہی باقی بچے ہیں اور تشہیری مہم عروج پر پہنچ گئی ہے۔ اِس مرحلہ میں ریاست کے دھولیہ ' دِنڈوری ' ناسک ' پال گھر ' بھیونڈی' کلیان ' ٹھانے اور ممبئی کے 6/ حلقے انتخابات شامل ہیں۔ اِن حلقوں میں آئندہ 20/ تاریخ کو رائے دہی ہوگی۔

بی جے پی لیڈر وزیراعظم نریندر مودی آج ریاست میں 2/اجلاس میں شرکت کریں گے۔ دوپہر ایک بجے ناسک ضلع کے نفاڈ تعلقہ کے پمپل گاؤں بسونت میں مودی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اِس کے بعد کلیان میں مہایوتی کے امیدوار شریکانت شندے کی تشہیر میں حصہ لیں گے۔ شام میں وزیراعظم ممبئی کے گھاٹ کوپر میں روڈ شو کریں گے۔ اِسی طرح سابق وزیراعلیٰ ادھوٹھاکرے اور راشٹروادی شرد پوار گروپ کے صدر شرد پوار کے اجلاس میں بھی ناسک میں ہوں گے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے جنوب وسطی ممبئی لوک سبھا حلقہ کے مہایوتی کے امیدوار راہول شیواڑے کی تشہیری مہم میں شرکت کی اور چیمبور میں اجلاس سے خطاب کیا۔ نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل پال گھر حلقہ کے مہایوتی کے امیدوار ہیمنت ساورا کی تشہیر کے لیے ڈہانو میں اجلاس میں شرکت کی جبکہ مہاوِکاس آگھاڑی کی امیدوار بھارتی کامڈی کی تشہیر کے لیے شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے صدر اُدھوٹھاکرے نے کل وسعی میں اجلاس میں شرکت کی۔

لوک سبھا انتخابات کے لیے ممبئی مضافاتی اضلاع میں 85/سال سے زائد عمر کے افراد اور معذورین تقریباً 2/ہزار 290/رائے دہندگان نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی مدت کل ختم ہوگئی۔ درخواستوں کی جانچ آج کی جائے گی اور آئندہ 17/تاریخ تک درخواست واپس لی جاسکے گی۔ ساتویں مرحلہ میں 7/ریاستیں اور ایک مرکز کے زیرانتظام علاقہ شامل ہے۔ جن میں تقریباً 57/لوک سبھا حلقوں کے لیے ایک جون کو رائے دہی ہوگی۔

***** ***** *****

بی جے پی کے سینئر لیڈر وزیر اعظم نریندر مودی نے کل وارانسی لوک سبھا حلقہ سے پرچہ داخل کیا۔ ہماچل پردیش کے منڈی لوک سبھا حلقہ سے اداکارہ کنگنا رانوت جبکہ چنڈی گڑھ سے کانگریس لیڈر منیش تیواری نے بھی پرچہ داخل کیا۔

***** ***** *****

ریاست کے وِدھان پریشد کے گریجویٹ اور ٹیچر حلقہ انتخاب کے الیکشن ملتوی کر دیے گئے ہیں ۔ الیکشن کمیشن نے ریاست کے 2 / گریجویٹ حلقہ انتخابات اور 2 / ٹیچر حلقہ انتخابات کے لیے 10 / جون کی تاریخ طئے کی تھی۔ لیکن گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد یہ انتخابات کروائے جانے کی درخواستیں موصول ہونے پر یہ انتخابات ملتوی کر دیے گئے ہیں۔ کمیشن کی جانب سے انتخابات کی اگلی تاریخ بتائی جائے گی۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقہ انتخاب میں 13 / تاریخ کو ہوئی رائے دہی کے بعد ووٹنگ مشین اسٹرانگ روم میں جمع کرنے کی کارروائی پولس سکیوریٹی میں انجام پائی ۔ جالنہ لوک سبھا حلقہ کی تمام ووٹنگ مشینیں جالنہ صنعتی علاقہ کے سرسوتی آٹو کمپونٹنس مقام پر جمع کی گئی ۔ آئندہ 4 / جون کو اِس مقام پر ووٹوں کی گنتی ہوگی۔

بیڑ لوک سبھا حلقہ میں بھی ووٹنگ مشینیں اسٹرانگ روم میں جمع کی گئی ہیں یہ تمام علاقہ سی سی ٹی وی کیمروں کی نگرانی میں رہنے کی اطلاع ضلع الیکشن افسر دیپا مُدھوڑ منڈے نے دی۔

***** ***** *****

لوک نرنئے مہاراشٹرا چا اِس پروگرام میں آج کے نشریہ میں ہم شمال وسطی ممبئی لوک سبھا حلقہ کا جائزہ لیں گے ۔ شام سوا سات تا ساڑھے سات کے درمیان آکاشوانی ممبئی مرکز اور سوشل میڈیا پر یہ پروگرام سنا جا سکتا ہے ۔

***** ***** *****

ممبئی کے گھاٹ کوپر کے چھیڈا نگر میں طوفانی ہواؤں کی وجہ سے لوہے کا اشتہار بورڈ گرنے کے معاملے میں بورڈ کا مالک بھاوویش بھڑے اور دیگر کے خلاف کل مقدمہ درج کیا گیا۔ اُن کی تلاش شروع ہونے کی اطلاع پنت نگر پولس اسٹیشن کے سینئر پولس انسپکٹر راجیش کیوڑے نے دی ۔

اِس حادثہ میں 14/افراد کی موت ہوگئی جبکہ 42/افراد زخمی ہو گئے جن میں 32/افراد کو علاج کے بعد ہسپتال سے چھٹی دے دی گئی۔ جائے حادثہ پر اب بھی NDRF پولس CRPF اور فائر بریگیڈ عملہ بچاؤ کام میں مصرف ہے۔ بچاؤ عملے نے اطلاع دی کہ بورڈ کے نیچے اب بھی کئی گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں اور بورڈ کا وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے کرین کی مدد سے اسے اٹھانا محدود ہے۔

دریں اثناء اِس حادثہ کے ضمن میں ریاست کے مختلف شہروں میں کل مقامی انتظامیہ نے ہورڈنگ مالکان کو اُن کے اسٹرکچرل آڈِٹ کرنے کے احکامات دیے ہیں۔

ناندیڑ شہر کے تمام بینر اور بینر کے مقام کے اسٹرا کچرل آڈت کرنے کے احکامات میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے نے دیے ہیں۔ شہر میں بینر کے لیے 151/مقامات انتظامیہ سے اجازت شدہ ہیں۔غیر اجازت شدہ بینروں کا سروے کر کے کارروائی کرنے کی اطلاع علاقائی افسران نے دی ہے۔پونے ' بارامتی اور کلیان ڈومبیولی میں بھی اشتہاری بورڈ کے آڈت کرنے کے احکامات دیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

بھیما کورے گاؤں معاملہ میں گرفتار کیے گئے گوتم نولکھا کی سپریم کورٹ نے ضمانت منظور کی۔نولکھا گزشتہ 4/سال سے قید تھے۔اِس معاملہ میں اب بھی اُن پر الزامات طئے نہیں کیے گئے۔عدالت نے یہ ضمانت منظور کرتے ہوئے کہا کہ کیس کی سماعت طویل ہوگئی۔گوتم نولکھا کو اُن کے گھر میں ہی نظر بندی کی سیکوریٹی کے لیے بیس لاکھ روپئے بطور خرچ ادا کرنے کے احکامات کورٹ نے دیے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی مہاراج کی یوم پیدائش کل ریاست بھر میں مختلف پروگرام کے ساتھ منایا گیا۔چھترپتی سنبھاجی نگر شہر کے ٹی وی سینٹر چوک میں موجود چھترپتی سنبھاجی مہاراج کے مختلف سماجی اور تعلیمی تنظیموں نے سلامی پیش کی۔مہاراج کا لباس زیب تن کیے بچوں نے حاضرین کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی۔

ہنگولی اور ناندیڑ ضلعے میں بھی چھترپتی سنبھاجی مہاراج کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

ناسک ضلعے کے ناندگاؤں میں کل ایک کار اور بس کے درمیان پیش آئے حادثے میں 3/افراد کی موت ہوگئی جبکہ ایک تین سالہ بچہ اِس حادثے میں بچ گیا۔ ناندگاؤں۔سنبھاجی نگر شاہراہ پر گنگادھری گاؤں سے قریب یہ دحاشہ پیش آیا۔

***** ***** *****

جالنہ تعلقے کے سندھے کاڑے گاؤں میں واقع کوآپریٹیو جننگ کو کل شام پانچ بجے کے قریب اچانک آگ لگ گئی۔ دستہ آتش فرو کی 6/گاڑیوں کی مدد سے آگ بجھائی گئی۔ اِس حادثے میں کپاس سمیت کارخانے میں موجود دیگر سامان جل کر خاک ہوجانے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے کے چند مقامات پر کل شام طوفانی ہواؤں کے ساتھ اوسط درجے کی بارش ہوئی۔ بھوکردن تعلقے کے چنچولی میں بجلی گرنے سے مُرلی دھر شیرڑ کے نامی کسان کی موت ہوگئی جبکہ ضلعے کے دیگر مقامات پر بجلی گرنے کے واقعات میں 4/مویشیوں کی موت ہونے کی اطلاع انتظامیہ نے دی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر اور دھاراشیو ضلعے میں بھی کل دوپہر کچھ مقامات پر بارش ہوئی۔ دریں اثناء مراٹھواڑہ سمیت ریاست کے بیشتر مقامات پر آئندہ 2/دنوں میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیشن گوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر ' جالنہ ' پربھنی ' بیڑ ' ہنگولی ' دھاراشیو اضلاع کے چند مقامات پر 40/ تا 50/کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا قیاس ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے اقامتی نائب کلکٹر شوبھا جادھو نے سماوی آفات اور ماحولیات تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون سے کام کرنے کے احکامات سرکاری مشنریوں کو دیے ہیں۔ وہ کل قبل از مانسون تیاریوں کے جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھیں۔ مشکلات میں پھنسے ہوئے شہریوں کو فی الفور راحت پہنچانے اور موسم برسات میں جن ڈیویژنوں میں کنٹرول روم شروع کرنے کی ضرورت ہے اِس کے لیے پیشگی اقدامات و منصوبہ بندی کرنے کے احکامات بھی انھوں نے دیے۔

***** ***** *****

ناندیڑ سے چلنے والی ناندیڑ-امرتسر سچکھنڈ ایکسپریس آج تاخیر سے روانہ ہوگی۔ یہ گاڑی صبح ساڑھے نو بجے کی بجائے دوپہر 4/بجے روانہ ہونے کی اطلاع جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ زون دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **لوک سبھا انتخابات کی تشہیر میں تیزی ' بی جے پی لیڈر وزیراعظم نریندر مودی کی ریاست کے 2 / اجلاس میں شرکت**

☆ **انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کے لیے درخواست دہی کی مدت ختم**

☆ **ریاست کے وِدھان پریشد کے گریجویٹ اور ٹیچر حلقہ انتخاب کے انتخابات ملتوی**

☆ **ممبئی میں ہورڈنگ گرنے کے معاملہ میں ہورڈنگ کا مالک بھاویش بھڑے اور دیگر کے خلاف مقدمہ**

**اور**

☆ **مراٹھواڑہ سمیت ریاست کے اکثر مقامات پر آئندہ 2/دنوں میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کے امکانات**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆